نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

7 ستمبر 2010ء

برائے فوری اجراء

489/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

مزید امریکی ہیلی کاپٹرز امدادی کارروائیوں میں معاونت کیلئے پاکستان پہنچ گئے

اسلام آباد (7 ستمبر 2010ء) ___ پاکستان کے سیلاب زدہ علاقوں میں امریکہ کی جانب سے جاری انسانی ہمدردی کی بنیادوں پر امدادی کارروائیوں میں معاونت کیلئے بھیجے جانے والے امریکی میرین کور کے مزید چار سی ایچ۔53ای سپر اسٹالین ہیلی کاپٹرز میں سے پہلے دو سکھر کے قریب واقع پنوں عاقل ایئر بیس پر پہنچ گئے ہیں۔ جس کے بعد پنوں عاقل سے امدادی کارروائیاں سرانجام دینے والے امریکی فوجی ہیلی کاپٹرز کی تعداد چھ ہوگئی ہے۔

یہ طیارے نارتھ کیرولینا میں واقع کیمپ لیجیون میں تعینات 26ویں میرین ایکسپیڈشنری یونٹ کا حصہ ہیں۔ آنے والے ان ہیلی کاپٹرز کو امریکی ایئر فورس کے ایک کارگو طیارے کے ذریعے افغانستان میں واقع ایک امریکی اڈے پر پہنچایا گیا، جہاں انھیں اسمبل کرنے کے بعد آج اُڑا کر پنوں عاقل لایا گیا۔ یہ پاکستان کے سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں میں پہلے سے معاونت فراہم کرنے والے امریکی بحریہ اور میرین کور کے دیگر 17 ہیلی کاپٹرز کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ دو مزید سی ایچ۔53ای ہیلی کاپٹرز آئندہ دنوں میں آئیں گے۔

امریکی ہیلی کاپٹرز پاک فوج کے اشتراک سے ملک کے تمام سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں سرانجام دیں گے۔

پاکستان کے سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں میں مصروف امریکی فوج کے طیاروں نے اب تک 3.9 ملین پاؤنڈز (39 لاکھ پاؤنڈز) وزنی ہنگامی امداد پر مبنی اشیاء متاثرہ علاقوں میں پہنچائیں اور 12,000 سے زیادہ افراد کو ملک کے محفوظ مقامات پر منتقل کیا۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800